علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: معاصر فقہی مباحث (2955) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5) مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7) غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1تا4)

سوال نمبر1۔ اجتہاد کی اقسام بیان کریں نیز اجتہاد کی معاصر مسائل میں جو اہمیت ہے اس پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ شریعت اسلامیہ میں تغیر پذیر اور ناقابل تغیر احکام کی تفصیل بیان کریں اور جدید مسائل کے حل میں "تحقیق مناط" کے اصول کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ علاج معالجے میں حرام اشیاء کے استعمال سے متعلق مسائل واحکام کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ بیع قبل القبض کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ فقہاء کے نزدیک قبضہ کے تعین میں عرف اور مال کی نوعیت کا کیا کردار واہمیت ہے؟ (20)

سوال نمبر5۔ انسانی اعضاء کی پیوندکاری اور تبادلے کے مختلف طریقوں میں کون سی صورتیں جائز ہیں اور کون سی صورتیں ممنوع ہیں؟ واضح کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:5تا9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ "خیار بلوغ" کیا ہے؟ اس کے استعمال کا طریقہ کار اور شرائط بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ سودی قرض کے حوالے سے فقہاء کا عمومی موقف کیا ہے، اور کس صورت میں سودی قرض لینا جائز قرار دیا گیا ہے؟ واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ قضاء علی الغائب کے بارے میں فقہاء کا اختلاف بیان کریں اور مالی حقوق میں حنفیہ، مالکیہ، شافعیہ اور حنابلہ کا مؤقف پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ ضم نصاب کے قائل فقہاء نے نصاب کو ملا کر زکوۃ واجب کرنے کے جو دو مختلف طریقے بیان کیے ہیں ان کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ نشہ کی حالت میں دی گئی طلاق سے متعلق احکام واضح کریں۔ (20)